**27.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.........................................................................

☆ بھارت اور چین نے کیلاش مانسرور یاترا پھر شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان براہ راست فضائی خدمات بحال کرنے سے بھی اتفاق کیا گیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے فون پر بات چیت کی۔ امریکی صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ اُن سے پہلی بات چیت ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں سے ایک ملک ایک چناؤ سے متعلق مباحثے میں سرگرمی کے ساتھ شامل ہونے پر زور دیا ہے۔

☆ ہماچل پردیش کے سابق انسپکٹر جنرل ظہور حیدر زیدی اور دیگر سات پولیس اہلکاروں کو Kotkhai عدالتی تحویل ہلاکت معاملے میں عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

☆ حکومت نے میڈیا اور انٹرٹینمنٹ صنعت کیلئے عالمی ای-مارکیٹ پلیس WAVES بازار کا آغاز کیا ہے۔

☆ اور بھارت کے تیز گیندباز جسپریت بمراہ کو ICC درجہ بندی میں مردوں میں ٹیسٹ کرکٹ کا سال کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا ہے۔ خواتین ٹیم کی سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا ODI میں سال کی بہترین کھلاڑی بنی ہیں۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Foreign Secy - China***

بھارت اور چین نے آج دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات کی صورتحال کا جامع جائزہ لیا اور بھارت اور چین کے درمیان خارجہ سکریٹری، نائب وزراء کی میٹنگ کے دوران عوام پر مرکوز اقدامات کو مستحکم کرنے اور تعلقات کو بحال کرنے پر اتفاق کیا۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری اس میٹنگ کیلئے چین کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ طرفین نے 2025 میں موسم گرما میں کیلاش مانسرور یاترا پھر بحال کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ موجودہ معاہدوں کے تحت اس کیلئے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

طرفین نے عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو مزید فروغ دینے اور اِس میں سہولت پیدا کرنے کی خاطر

مناسب اقدامات پر بھی رضامندی ظاہر کی ہے۔انھوں نے اصولی طور پر دونوں ملکوں کے درمیان براہِ راست فضائی خدمات بحال کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ دونوں ملکوں کے متعلقہ تکنیکی حکام اِس سلسلے میں جلد سے جلد ملاقات کریں گے اور اِس کیلئے طریقہ کار پر بات چیت کریں گے۔ دونوں ملکوں نے اِس بات کو بھی تسلیم کیا کہ سال 2025 چونکہ بھارت اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کا 75واں سال ہے تو اِسے سفارتکاری کی کوششوں کو دوگنا کرنے اور باہمی اعتماد بحال کرنے کیلئے استعمال کیا جانا چاہئے۔x

**PM US President**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلی فون پر بات کی اور صدارتی انتخابات میں دوسری مرتبہ ان کی تاریخی جیت پر مبارکباد پیش کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور امریکہ باہمی طور پر فائدہ مند اور بھروسے مند شراکت داری کے تئیں عہد بستہ ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ دونوں ممالک، عوام کی بہبود اور عالمی امن، خوشحالی اور سلامتی کے لیے مل کر کام کریں گے۔ x

**PM NCC Rally**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک ملک ایک چناؤ کے تحت ایک ساتھ انتخابات کرائے جانے پر زور دیا ہے اور نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ اِس پر تفصیلی تبادلہ خیال کریں۔ انھوں نے کہا کہ کئی انتخابات سے ملک کیلئے کئے جانے والے کاموں کی رفتار میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی کے کریپّا پریڈ گراؤنڈ میں NCC کے کیڈٹس کی سالانہ ریلی میں شرکت کی۔ اِس سال کی ریلی کا موضوع تھا: ''یووا شکتی وکست بھارت''۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک کی ترقی میں نوجوانوں کے اشتراک کی ستائش کی۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کے نوجوان عالمی سطح پر فلاح وبہبود کیلئے ایک قوت ہیں۔

S/B PM

جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ دس برس میں نوجوانوں کی جانب سے ایک لاکھ پچاس ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اپس کا آغاز کیا گیا ہے اور وہ ملک کی سرکردہ کمپنیوں کی قیادت کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے گذشتہ دہائی میں نوجوانوں کو درپیش کئی مشکلات کو ختم کرکے مختلف اقدامات کئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مدرا یوجنا، تعلیم کی قومی پالیسی اور اسکالرشپ تک آسان رسائی نے نوجوانوں کو نئی بلندیاں حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔ انھوں نے لوگوں پر ملک کی سالمیت کی خاطر کام کرنے کیلئے زور دیا۔

اپنے خطاب میں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مہاکنبھ میں ملک کا اتحاد دیکھا جاسکتا ہے اور مہاکنبھ اتحاد کا مہاکنبھ ہے۔

NCC کیڈٹس کے تعاون کی ستائش کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ NCC نے ملک کی تعمیر کے تئیں نوجوانوں کو مسلسل ترغیب دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس برس میں کیڈٹس کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور

2014 میں ان کی تعداد 14 لاکھ سے 20 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ NCC کیڈٹس، قدرتی آفت کے بندوبست اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔

S/B PM

اس موقع پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، محکمہ دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ، دفاعی عملے کے سربراہ انل چوہان اور دیگر سینئر عہدیداران بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران، 800 سے زیادہ کیڈٹس نے ایک ثقافتی پروگرام پیش کیا، جس میں ملک کی تعمیر کیلئے NCC کے عزم کی عکاسی کی گئی۔ اِس ریلی میں 18 بیرونی دوست ممالک کے 144 نوجوان کیڈٹس نے بھی شرکت کی۔x

## Delhi Election

جیسے جیسے پولنگ کی تاریخ قریب آرہی ہے قومی دارالحکومت میں سیاسی جنگ میں شدت آتی جا رہی ہے۔ عام آدمی پارٹی، بی جے پی اور کانگریس عوام کو راغب کرنے کے لیے انتخابی وعدوں کا سہارا لے رہی ہیں اور ایک دوسرے پر الزام تراشی بھی کر رہے ہیں۔

عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال نے آج پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا، جس میں قومی دارالحکومت کے لوگوں کے لیے کئی گارنٹیوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ جناب کجریوال نے اقتدار میں آنے پر اگلے پانچ سالوں میں 15 گارنٹیوں کو پورا کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ان اعلانات پر بی جے پی کے لیڈر اور نئی دلی سیٹ سے ان کے مخالف، پرویش ورما نے اروند کجریوال کی یہ کہتے ہوئے نقطہ چینی کی ہے کہ عام آدمی پارتی صرف جھوٹے وعدے کرتی ہے۔ اسی نظریہ کا اظہار کرتے ہوئے کانگریس نے بھی کہا ہے کہ دلی کے عوام نے پہلے کیے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہنے پر عام آدمی پارٹی کو پہلے ہی مسترد کر دیا ہے۔تاہم سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے گھر گھر جاکر انتخابی تشہیر کر رہی ہیں۔x

## Shimla Murder Case

آج چنڈی گڑھ میں CBI کی ایک خصوصی عدالت نے ہماچل پردیش کے سابق پولیس انسپکٹر جنرل ظہور حیدر زیدی اور پولیس کے 7 دیگر اہلکاروں کو، 2017 میں شملہ کے Kotkhai میں ایک کم عمر اسکول کی لڑکی کی عصمت دری اور قتل کے ملزم کی عدالتی تحویل میں ہلاکت کی پاداش میں عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ ہماچل پردیش کی تاریخ میں شاید ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ تحقیقات کرنے والی خصوصی تحقیقات ٹیم کو عدالت کی جانب سے عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ عدالت نے یہ پایا کہ ملزم سورج کی، پولیس کی جانب سے تحویل میں سختی کئے جانے کے سبب موت ہوگئی تھی۔x

## I&B Minister Waves

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور ثقافت کے محکمے کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج نئی دلّی میں WAVES بازار، WAH استاد چیلنج اور WAVES ایوارڈس کا آغاز کیا۔ مرکزی وزرا نے Create in India

Challenge Season-1 کا بھی افتتاح کیا، جس میں WAVES-2025 کے ایک حصے کے طور پر بین الاقوامی شمولیت بھی ہوگی۔ WAVES بازار، میڈیا اور انٹرٹینمنٹ صنعت کیلئے ایک سرکردہ عالمی ای-مارکیٹ پلیس ہے، جو خریداروں اور فروخت کرنے والوں کو رابطہ قائم کرنے، اشتراک کرنے اور فروغ پانے کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ انھوں نے امید ظاہر کی بھارت جلد ہی اختراعی معیشت کی راجدھانی بن جائے گا۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnaw

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ثقافت کے محکمے کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت قصہ گوئی کی سرزمین ہے اور آج جن اقدامات کا آغاز کیا گیا ہے وہ عالمی سطح پر ملک کی صلاحیت کو اجاگر کریں گے۔

S/B 2100 Gajendra Singh Shekhawan Vaves

اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے WAVES بازار کو یکسر تبدیلی والی ایک پہل قرار دیا۔

S/B 2100 Sanjay Jaju Waves

WAH استاد ایک منفرد کلاسیکی اور نیم کلاسیکی ٹیلنٹ Hunt ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ WAVES ایوارڈس کیلئے 15 فروری تک نامزدگیاں داخل کی جاسکتی ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی آڈیو ویژول اور انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES کا نظریہ پیش کیا تھا جس سے بھارت، دنیا کی اختراعی راجدھانی بن سکے۔ بھارت اپنی مالامال ثقافت اور ایک متحرک اختراعی ایکو نظام کے ساتھ سب سے زیادہ فلمیں بنانے والا ملک ہے۔ WAVES، فن، اختراع اور ہنر کا ایک عالمی جشن ہوگا۔x

## ***Amit Shah Prayagraj***

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ سے...........

Montage Opening

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج تروینی سنگم پر پوتر ڈُبکی لگائی۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور مختلف سادھو سنت بھی اُن کے ساتھ اس میں شامل ہوئے۔ اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے بھی آج دوپہر مہاکنبھ میں پوتر ڈبکی لگائی۔ اس دوران ریلوے نے بدھ کے روز مَونی اماوسیہ کے موقع پر پریاگ راج کے ریلوے اسٹیشنوں میں بھیڑ بھاڑ کے پیش نظر جامع اقدامات کئے ہیں۔x

## ***Uttrakhand UCC***

اتراکھنڈ یکساں سول کوڈ نافذ کرنے والی ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ یکساں سول کوڈ کا مقصد، درج فہرست قبائل کے علاوہ اور مذہب یا مرد وعورت کی تفریق کے قطع نظر، ریاست کے سبھی شہریوں کے لیے شادی، طلاق اور وراثت سے متعلق برابر کے حقوق کو یقینی بناتے ہوئے ذاتی سول قوانین کو معقول بنانا ہے۔ وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی

نے کہا کہ آج ریاست میں مکمل طور پر یکساں سول کوڈ کو اختیار کئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اور UCC کے ضابطوں کی تفصیل اور نئے ضابطوں کے تحت درخواستوں کیلئے ایک پورٹل کا آغاز کیا گیا ہے۔

S/B Pushkar Singh Dhami Chief Minister Uttarakhand

قابل ذکر ہے کہ عبادت کے طریقے یا شادیوں کی روایتی رسومات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ البتہ UCC کئی شادیوں پر پابندی عائد کرتا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی مذہب سے قطع نظر سبھی کیلئے طلاق سے متعلق ضابطے ایک سے ہوں گے۔ UCC کے تحت ایک اقدام لازمی طور پر شادی کا رجسٹریشن ہے جس کی Cut of تاریخ 27 مارچ 2010 رکھی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے یہ ہے کہ اِس دن کے بعد سے ہوئیں سبھی شادیاں کوڈ کے نافذ ہونے کے 6 مہینے کے اندر اندر رجسٹر ہوجانی چاہئیں۔ UCC کے نافذ ہونے کے بعد ہونے والی شادیاں، شادی کی تاریخ سے 60 دن کے اندر رجسٹر ہونی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ذکر کیا کہ UCC معاشرے میں یکسانیت لائے گا، سبھی کیلئے مساوی حقوق اور ذمے داریوں کو یقینی بنائے گا۔x

## Naval Indonsia Talks

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے انڈونیشیا کی بحری افوج کے سربراہ ایڈمرل محمد علی سے دلی میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان بحری تعاون میں اضافے اور تعلقات کو مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں بحری سربراہان کی ملاقات میں سمدر شکتی جیسی مشترکہ مشق، کاروائی جاتی اشتراک کو مستحکم کرنے اور مشترکہ بحری چیلنجوں سے نمٹنے جیسے اقدامات پر بھی بات چیت کی گئی۔ اس کے علاوہ بحری قزاقی اور سمندر میں جاری دیگر غیرقانونی سرگرمیوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ایڈمرل علی نے برہموس ایرَو اسپیس پرائیویٹ لمیٹڈ کا بھی دورہ کیا اور دفاع و حکمت عملی کے شعبے میں دو طرفہ تعاون کو مزید بڑھانے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ایڈمرل علی نے اہم بحری تنصیبات جیسے انفارمیشن فیوژن سینٹر۔ انڈین اوشین ریجن اور Weapons and Electronics Systems and Engineering Establishment, WESEE کا بھی دورہ کیا۔ اس دوران علاقائی اشتراک اور بحری شعبے میں بیداری کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایڈمرل علی، انڈونیشیا کے صدر پربوو سُبیانتو کے ہمراہ دورے پر آئے اعلیٰ سطحی وفد میں شامل ہیں۔x

## Laos Indian Youth

Laos میں بھارتی سفارت خانے نے Golden Triangle Special Economic Zone - GTSEZ میں Cyber Scam Centres سے 67 بھارتی نوجوانوں کو بچایا ہے۔ سفارت خانے نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ ان نوجوان کو جی ٹی ایس ای زیڈ میں کام کرنے والے مجرمانہ گروہوں کی طرف سے دھمکیوں اور بدسلوکی کے تحت وہاں کام کرنے پر مجبور کیا گیا۔ سفارت خانے نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے مدد کی ان کی درخواست موصول ہونے پر ان کی تمام ضروری مدد کی۔ ان کی رہائش اور کھانے پینے کا انتظام سفارت خانے نے کیا ہے۔ لاؤس میں بھارت کے سفیر پرشانت اگروال نے ان سب سے ملاقات کی۔

انہوں نے ان کی بحفاظت واپسی کے لیے ترجیحی بنیاد پر سفارت خانے کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انھوں نے انھیں مزید کارروائی کے بارے میں مشورہ دیا۔ جس میں انھیں دھوکہ دینے والے ان ایجنٹوں کے خلاف شکایات درج کرنا بھی شامل ہے۔ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ سفارت خانے نے اب تک 924 بھارتیوں کو بچایا ہے، جن میں 857 پہلے ہی بحفاظت بھارت واپس آ چکے ہیں۔×

## Goyal Muscat Visit

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج عمان کے مسقط میں اپنے دو روزہ دورے کے پہلے دن عمان کے کامرس، صنعت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وزیر قیس بن محمد ال یوسف کے ساتھ میٹنگ کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب گوئل نے بتایا کہ ان کی بات چیت، جامع اقتصادی شراکت کے معاہدے پر مذاکرات کو آگے بڑھانے، تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق تعلقات کو مضبوط کرنے اور دوطرفہ شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے امکانات تلاش کرنے پر مرکوز رہی۔جناب گوئل، کل 11ویں جوائنٹ کمیشن میٹنگ میں شرکت کریں گے۔×

## Bumrah Award

بھارت کے تیز گیندباز جسپریت بمراہ کو 2024 میں ان کی شاندار کارکردگی پر ICC نے مردوں کے ٹیسٹ کرکٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا ہے۔ بمراہ نے سال 2024 میں 13 میچوں میں قریب 15 کی اوسط سے 357 اوورز میں 71 وکٹ حاصل کیے۔ اپنی بہترین گیندبازی اور غیر معمولی مستقل مزاجی کیلئے مشہور بمراہ نے، ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے عالمی کپ اور اہم ٹیسٹ سیریز سمیت مختلف فارمیٹس میں بھارت کی کامیابی میں اہم رول ادا کیا۔×

## Smriti Mandhana Award

خواتین کرکٹ کی بھارتی سلامی بلے باز سمرتی مندھانا کو ICC نے سال کی بہترین ODI کھلاڑی قرار دیا ہے۔ سال 2024 میں بہترین کارکردگی کی بدولت انہیں یہ اعزاز دیا گیا۔ بھارت کی نائب کپتان مندھانا نے سال 2004 کی 13 اننگز میں شاندار 747 رن بنا کر کسی ایک سال میں سب سے زیادہ اسکور کیا ہے جو کہ ایک روزہ بین الاقوامی مقابلوں میں ایک نیا پیمانہ بن گیا ہے۔سمرتی نے خواتین ایک روزہ بین الاقوامی مقابلوں میں سب سے زیادہ رن بنانے والی Laura Wolvaardt، Tammy Beaumont اور Hayley Matthews کو پیچھے چھوڑ دیا۔ سمرتی مندھانا کو سال 2018 اور سال 2022 میں بھی ICC نے سال کی بہترین ODI کھلاڑی قرار دیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆